ڈوڈلے میں خصوصی تعلیمی ضروریات اور معذوری کی معلومات، مشوروں اور معاونت کی سروس (SENDIASS)

(جو پہلے ڈوڈلے پیرینٹ پارٹرنر شپ سروس کہلاتی تھی)

اگر آپ ایسے والدین یا سرپرست ہیں جنکا کوئی بچہ یا نوجوان فرد خصوصی تعلیمی ضروریات (SEN) یا معذوری والا ہے، یا آپکا کوئی بچہ یا نوجوان فرد 25 سال تک کی عمر کا ہے اور اسکی خصوصی تعلیمی ضروریات یا معذوری ہے، تو ہم آپکی مدد کرسکتے ہیں۔

ہم SEN اور معذوریوں سے متعلق تمام معاملات کے بارے میں جن میں صحت اور سوشل کیئر کے مسائل بھی شامل ہیں قانونی مشورے، معلومات اور معاونت فراہم کرتے ہیں۔

• مفت • غیر جانبدار • رازدارانہ

ہم آپکی مدد کس طرح کرتے ہیں؟

- انفرادی معاملات
- میٹنگوں کا اہتمام، معاونت اور ان میں شمولیت
- خطوط لکھنے اور فارم بھرنے میں مدد
- یہ سمجھنے میں مدد کہ SEN والے اور/یا معذوری رکھنے والے کسی ایسے بچے یا نوجوان فرد کو جسکا کوئی ایجوکیشن ہیلتھ کیئر منصوبہ موجود نہیں ہے کس قسم کی معاونت مل سکتی ہے۔ یہ ارلی ایئرز، اسکول یا مزید تعلیم والی کوئی معاونت ہوسکتی ہے
- تعلیم و صحت کی دیکھ بھال کے تجزیے کے دوران والدین اور نوجوان افراد کی معاونت
- درخواست کرنے پر ایک خودمختار مددگار تک رسائی – اسکا انحصار دستیابی پر ہے
- SEN اور معذوری ٹریبونل میں اپیلیں دائر کرنے کے بارے میں مشورے اور معاونت
- کچھ گڑبڑ ہونے کی صورت میں مدد اور SEN اور/یا معذوری سے متعلق شکایات کے متعلق مشورے بشمول وہ جنکا تعلق صحت اور سوشل کیئر سے ہو
- اگر آپکے بچے کو نکال دیا گیا ہو تو معاونت
- ثالثی کا انتظام و اہتمام کرنے میں معاونت
- اختلاف ختم کرنے والے طریقہ کار کی وضاحت
- تربیت اور ورکشاپس تک رسائی

مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں:

ڈوڈلے SEND انفارمیشن، ایڈوائس اینڈ سپورٹ سروس

Dudley SEND information, advice and support service

Saltwells Education Centre, Bowling Green Road, Netherton, Dudley DY2 9LY

جوابی مشین لگی ہوئی ہے، برائے مہربانی اپنا پیغام اس پر چھوڑ دیں اور ہم خود آپکو کال کر لیں گے۔

Tel: 01384 817373

ای میل: **dudley.sendiass@dudley.gov.uk**

ویب سائٹ: **swww.dudley.gov.uk/dudleysendias**

Dudley
Metropolitan Borough Council





ہمارا عزم ہے:

- والدین، بچوں اور نوجوانوں کو ایسی معلومات اور معاونت فراہم کرنا جس سے وہ ہر عمل میں مکمل شامل ہوں اور اپنی مرضی کے نتائج حاصل کرنے کے لئے آگہی سے بھرپور فیصلے کریں
- یہ امر یقینی بنانا کہ تمام ماہرین بچوں اور نوجوانوں اور انکے والدین کی آراء، خواہشات اور احساسات کو توجہ سے سنیں اور سمجھیں اور انکا احترام کریں
- والدین، بچوں، نوجوانوں، اسکولوں، کالجوں، لوکل اتھارٹی اور رضاکار تنظیموں کے درمیان مثبت تعلق قائم کرنا، تاکہ مثبت نتائج حاصل کیے جاسکیں
- بچوں، نوجوانوں اور انکے والدین کو معلومات، مشورے اور معاونت فراہم کرنا تاکہ وہ خود مختار بھی بنیں اور اپنا دفاع بھی خود کرسکیں

ہم عموماً والدین اور انکے بچوں کے ساتھ شامل ہوکر کام تو کریں گے، تاہم بچوں اور نوجوان افراد کے لئے ہم ایک براہ راست اور علیحدہ سروس فراہم کرنے کے بھی قابل ہیں۔

والدین

بہت سے بچے اور نوجوان افراد کو معلومات، مشوروں اور معاونت تک رسائی انکے والدین کے توسط سے ملتی ہے، تاہم بعض بچے، خصوصاً زیادہ عمر کے بچے، ان تک الگ سے رسائی پانا چاہتے ہیں۔ ایسی صورتحال میں ہم ان بچوں کے ساتھ انفرادی اور غیر جانبدارانہ انداز سے کام کریں گے۔

نوجوان افراد

معلومات، معاونت اور مشورے آپکو رازداری سے اور غیر جانبدارانہ انداز میں مہیا کیے جائیں گے۔ ہم اور آپ مل کر کام کریں گے تاکہ آپ اپنی مرضی کے نتائج حاصل کرنے والے فیصلوں میں بھرپور اور مکمل طور پر شامل ہوں۔

اگر SEND کے کسی معاملے میں اختلاف پیدا ہوجائے، تو ہم والدین اور نوجوان افراد دونوں کے ساتھ علیحدہ علیحدہ اور غیرجانبدارانہ انداز میں بھی کام کرسکتے ہیں۔

جہاں ضرورت پڑی وہاں ہم حمایت و پیروی بھی مہیا کریں گے اور ملازمت اور آزادانہ رہائش (مکان) کے لئے خصوصی اعانت مہیا کرنے والوں کی جانب رہنمائی بھی کردیں گے۔

ہم مندرجہ ذیل امور کے بارے میں معلومات اور مشورے فراہم کرسکتے ہیں:

- SEN کا تعلیمی قانون اور معذوری، صحت اور سوشل کیئر کے بارے میں متعلقہ قانون
- تعلیم و صحت کی دیکھ بھال کے تجزیے کا طریقہ کار
- تعلیم و صحت کی دیکھ بھال کے منصوبے (EHCP)
- جو بچے یا نوجوان افراد EHCP کے بغیر ہیں انکے لئے اسکول ہی میں معاونت کی فراہمی
- شخصیت سازی
- ذاتی بجٹ
- SEND سے متعلق مسائل کی شکایات
- مقامی پیشکش
- مقامی پالیسی اور ضابطہ عمل
- ثالثی
- تنازعات کے حل
- حمایت و پیروی